حج کی فضیلت اور اہمیت

مقدمه

حج کی فضیلت اور اہمیت

شریعت میں حج ، چند خاص اعمال اور مناسک کے ایک مجموعے کا نام ہے جو اسلام کے بنیادی اصولوں میں سے ایک شمار ہوتا ہے جیسا کہ امام محمدباقر علیہ السلام سے روایت ہے :
" بُني الاسلام علي خمس علي الصلوة و الزكاة و الصوم و الحج و الولاية"(۱)
ترجمہ: «اسلام پانچ بنیادوں پر استوار ہے:نماز ، زکات ، روزہ ، حج اور ولایت »
حج ، خواہ واجب ہو یا مستحب، اسکی بہت زیادہ فضیلت اور اجر و ثواب ہے اور اسکي فضیلت کے بارے میں پیغمبر اکرم اور اہل بیت (علیہم السلام) سے کثیر روایات وارد ہوئي ہیں، چنانچہ امام صادق سے روایت ہے:
"الحاجّ والمعتمر وَفدُ اللہ ان سألوہُ اعطاہم وان دَعوہُ اجابہم و ان شفعوا شفّعہم و ان سکتوا ابتدأہم و یُعوّضون بالدّرہم ألف ألف درہم "(۲)
"حج اور عمرہ انجام دینے والے راہ خدا کے راہی ہیں۔ اگر اللہ سے مانگیں تو انہیں عطا کرتاہے اور اسے پکاریں تو جواب دیتاہے، اگر شفاعت کریں تو قبول کرتاہے اگرچپ رہیں تو از خود اقدام کرتاہے اور ایک درہم کے بدلے (جو انہوں نے حج کرنے پر خرچ کئے ہیں) دس لاکھ درہم پاتے ہیں۔

۱۔ کافی، ج۲، ص ۱۸، ح ۱ ؛ وسائل الشیعہ، ج۱، ص ۷، باب ۱، ح ۱۔
۲۔ کافی، ج۴، ص ۲۵۵، ح ۱۴۔